# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 21 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اسمبلی انتخابات کیلئے بی جے پی کے 99 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری؛ فہرست میں مراٹھواڑہ کے 16 انتخابی حلقے بھی شامل؛ بھوکر سے شری جیا چوہان اور پھلمبری سے انورادھا چوہان کو امیدواری۔

☆ مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل کا اسمبلی انتخابات کیلئے جزوی موقف اختیار کرنے کا عندیہ۔

☆ کلمنوری کے رکنِ اسمبلی سنتوش لکشمن بانگر پر ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی پاداش میں مقدمہ درج۔

☆ زرعی پیداوار کی قیمتوں اور خوردہ فروخت کی قیمت کے درمیان فرق کو کم کرنے کیلئے کمیٹی قائم کی جائے گی۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں نیوزی لینڈ فاتح؛ بنگلورو ٹیسٹ میں بھی نیوزی لینڈ کی آٹھ وکٹوں سے جیت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

اسمبلی انتخابات کیلئے بھارتیہ جنتا پارٹی نے 99 امیدواروں کی پہلی فہرست کل جاری کردی۔ اس فہرست میں مراٹھواڑہ کے 16 حلقوں کے امیدواروں کے نام بھی شامل ہیں۔ ناندیڑ ضلع کے کنوٹ سے، بھیم راؤ کیرام کو امیدواری دی گئی ہے، جبکہ بھوکر سے شری جیا اشوک چوہان، نائیگاؤں سے راجیش پوار، اور تشار راٹھوڑ کو مکھیڑ اسمبلی حلقہ سے پارٹی کا امیدوار بنایا گیا ہے۔ اسی طرح ہنگولی حلقہ سے تاناجی مٹکُٹے، جنتور۔ میگھنا بورڈیکر، پرتور۔ ببن راؤ لونیکر، بدنا پور۔ نارائن کوچے، جبکہ بھوکردن حلقے سے سنتوش دانوے پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پھلمبری اسمبلی حلقے سے انورادھا چوہان، اورنگ آباد مشرقی حلقے سے اتل ساوے، گنگا پور سے پرشانت بمب کو امیدواری دی گئی، ساتھ ہی کیج اسمبلی حلقے سے نمیتا مندڑا، نلنگا سے سمبھاجی پاٹل نلنگیکر، اوسا۔ ابھیمنیو پوار، اور تلجا پور اسمبلی حلقے سے رانا جگجیت سنگھ پاٹل پارٹی کے ٹکٹ پر اپنی قسمت آزمائیں گے۔

اس کے علاوہ ناگپور جنوب مغربی حلقہ سے دیویندر پھڑنویس کو، کامٹھی سے چندر شیکھر باونکولے، جامنیر سے گریش مہاجن، شرڈی سے رادھا کرشن وکھے پاٹل، ممبئی کے ملبار ہل سے منگل پربھات لوڈھا اور قلابہ سے راہل نارویکر کو امیدوار بنایا گیا ہے۔

***** ***** *****

دریں اثنا، اسمبلی انتخابات کیلئے کل 22 اکتوبر سے امیدواری عریضے داخل کرنے کا آغاز ہوگا اور آئندہ 29 اکتوبر تک پرچۂ نامزدگی داخل کیے جاسکیں گے، جبکہ 30 اکتوبر کو کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ کی جائے گی اور 4 نومبر تک کاغذات نامزدگی واپس لیے جاسکیں گے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے اسمبلی انتخابات کیلئے جزوی موقف ظاہر کیا ہے۔کل انتروالی سراٹی میں منعقدہ مراٹھا سماج کے ایک اجلاس میں انہوں نے اپنے مؤقف کی وضاحت کی۔جن حلقوں سے امیدوار منتخب ہونے کا امکان ہے، وہاں سے اپنے امیدوار کھڑے کرنے اور درج فہرست ذاتوں وقبائل کیلئے مختص انتخابی حلقوں سے مراٹھا ریزرویشن کی حمایت کرنے والے امیدواروں کے حق میں رائے دہی کرنے کی اپیل انھوں نے کی۔ساتھ ہی اپنے امیدوار کی غیر موجودگی میں بانڈ پیپر پر مطالبات کی حمایت کرنے والے امیدوار کو ووٹ دینے کا فیصلہ بھی کل منعقدہ اجلاس میں لیا گیا۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے پیش نظر شیوسینا ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی کا ایک اجلاس کل ممبئی میں منعقد ہونے کی اطلاع ہے۔

اسی اثنا، رُکنِ اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے نے کل ممبئی میں بزرگ رہنما شرد پوار سے ملاقات کی۔بعدازاں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے یہ ملاقات مہاوکاس آگھاڑی کے انتخابی منشور کے سلسلے میں ہونے کی اطلاع دی۔

***** ***** *****

آنجہانی رکنِ اسمبلی ونایک میٹے کی اہلیہ جیوتی میٹے نے کل ممبئی میں اپنے حامیوں کے ساتھ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔اس موقعے پر پارٹی کے قومی صدر شرد پوار سمیت پارٹی کے ریاستی صدر جینت پاٹل، رکن پارلیمان سپریہ سولے بھی موجود تھیں۔بعدازاں جیوتی میٹے نے بتایا کہ بیڑ اسمبلی حلقے کیلئے انہوں نے پارٹی سے درخواست کی ہے، اور یہ فیصلہ تنظیم کے سماجی کاموں کو سیاسی جوڑ دینے کیلئے لیا گیا ہے۔

دریں اثنا' اسمبلی انتخابات کے پیش نظر کئی دیگر سیاسی جماعتوں کے قائدین بھی پارٹی تبدیل کررہے ہیں۔

سابق رُکنِ اسمبلی کپل پاٹل کل کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے۔دہلی میں پارٹی کے قومی صدر ملکارجن کھرگے، مہاراشٹر میں پارٹی کے انچارج رمیش چینّی تھلا، ریاستی صدر نانا پٹولے کی موجودگی میں انھوں نے پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔

نندوربار ضلع پریشد کے سابق صدر بھرت گاوِت نے کل این سی پی میں شمولیت اختیار کی۔پارٹی صدر اجیت پوار اور ریاستی صدر و رکنِ پارلیمان سنیل تٹکرے نے پارٹی میں ان کا خیر مقدم کیا۔

ونچیت بہوجن آگھاڑی کے مغربی ودربھ کے سابق صدر ڈاکٹر سدھارتھ دیوڑے نے کل شیوسینا ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ممبئی میں پارٹی صدر ادھو ٹھاکرے کی موجودگی میں یہ تقریب منعقد ہوئی۔رواں سال لوک سبھا انتخابات کے بعد دیوڑے نے ونچیت بہوجن آگھاڑی میں اپنے عہدے اور پارٹی کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا تھا۔

بیڑ میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے ضلع صدر راجندر مہسکے نے کل پارٹی چھوڑنے کا اعلان کیا۔اپنے مستقبل کے سیاسی اقدام سے متعلق جلد ہی وضاحت کرنے کا اعلان انھوں نے اس موقع پر کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے چھ اسمبلی حلقوں کے عام انتخابات کیلئے رائے دہی مشینوں کے پہلے مرحلے کا کمپیوٹرائزڈ عمل کل مکمل کیا گیا۔اس موقع پر دو ہزار 897 بیلٹ یونٹ، کنٹرول یونٹ اور تین ہزار 138 وی وی پیٹ انتخابی حلقوں میں تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے کلمنوری اسمبلی حلقے کے رُکنِ اسمبلی سنتوش لکشمن بانگر پر انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے کی پاداش میں کلمنوری پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ 18 اکتوبر کو کلمنوری میں رائے دہندگان سے خطاب کے دوران ووٹروں کو لبھانے کی کوشش ان کے بیان[4] سے ہونے کی وضاحت متعلقہ خبر میں کی گئی ہے۔ پنچایت سمیتی کے بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر گنیش بوتھیکر کی شکایت پر سنتوش بانگر کے خلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا معاملہ درج کیا گیا ہے۔ اس معاملے میں سب ڈویژنل افسر اور الیکشن فیصلہ افسر بُھتّے نے بانگر کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کی تھی۔

***** ***** *****

زرعی فصلوں اور باغاتی پیداوار کی کسانوں کو ملنے والی قیمت اور بازار میں ان مالوں کی خوردہ قیمت کے درمیان فرق کو کم کرنے کیلئے حکومت ایک کمیٹی قائم کرے گی۔ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کل نئی دہلی میں ایک زرعی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ کمیٹی کسانوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کیلئے کام کرے گی۔ زرعی تحقیق کے فوائد کو تجربہ گاہوں سے کھیتوں تک پہنچانے کیلئے آئندہ ماہ سے ''کرشی چوپال'' تصور پر عمل درآمد شروع کی اطلاع بھی انھوں نے دی۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کی مناسبت سے آکاشوانی پر روزانہ شام سات بجکر 10 منٹ پر'' آڑھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھانچا'' پروگرام نشر کیا جا رہا ہے۔ آج کے پروگرام میں تھانے ضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دیوالی اور چھٹ پوجا تہواروں کیلئے شمالی اور مشرقی ریاستوں کو جانے والے مسافروں کی بھیڑ کو مدنظر رکھتے ہوئے وسطی ریلوے نے گاڑیوں کے 570 خصوصی راؤنڈ چلانے کا اعلان کیا ہے۔ ممبئی، پونے اور ناگپور سمیت مختلف مقامات سے یہ اضافی راؤنڈ چلائے جائیں گے۔ ممبئی سے 132' جبکہ پونے سے 146 گاڑیاں روانہ ہوں گی' اسی طرح لاتور سے 108 راؤنڈ، ساونت واڑی، ناگپور، پونے، کولہاپور، ناندیڑ اور دیگر مقامات پر پہنچیں گے۔ جبکہ جنوب کے کریم نگر، کوچویلی، قاضی پیٹ اور بنگلورو کیلئے 84 راؤنڈس کا انتظام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

خواتین کا ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ نیوزی لینڈ نے جیت لیا ہے۔ گزشتہ روز دبئی میں جنوبی افریقہ کے خلاف فائنل مقابلے میں نیوزی لینڈ نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اووروں میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنائے' تاہم اس ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی ٹیم نو وکٹوں کے نقصان پر 126 رنز ہی بنا سکی۔ نیوزی لینڈ کی امیلیا کیر کو میچ اور سیریز کے بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ دیا گیا۔

***** ***** *****

بنگلورو کرکٹ ٹیسٹ مقابلے میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کر لی ہے۔ پہلی انگ میں صرف 46 رنز پر آؤٹ ہونے والی بھارتی ٹیم اپنی دوسری انگ میں نیوزی لینڈ پر حاوی ہوئی۔ تاہم 356 رنز کے نقصان کو پورا کرنے کے بعد بھارتی ٹیم نیوزی لینڈ کو ایک مشکل ہدف دینے میں ناکام ہوئی اور جیت کیلئے درکار 107 رنز کا معمولی ہدف مہمان ٹیم نے صرف دو بلے بازوں کے نقصان پر عبور کر لیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں کل سے ریاستی سطح کے کُشتی مقابلوں کی شروعات ہوئی۔ ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے اور میونسپل کمشنر دھیریہ شیل جادھو کے ہاتھوں مقابلوں کا افتتاح عمل میں آیا۔ 14 سال سے کم عمر کے لڑکے اور لڑکیوں کے ان تین روزہ مقابلوں میں تقریباً 200 کھلاڑی شریک ہونے کی اطلاع کھیل افسر کویتا لاونڈے نے دی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات کیلئے بی جے پی کے 99 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری؛ فہرست میں مراٹھواڑہ کے 16 انتخابی حلقے بھی شامل؛ بھوکر سے شری جیا چوہان اور پھلمبری سے انورادھا چوہان کو امیدواری۔

☆ مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل کا اسمبلی انتخابات کیلئے جزوی موقف اختیار کرنے کا عندیہ۔

☆ کلمنوری کے رکنِ اسمبلی سنتوش بانگر پر ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی پاداش میں مقدمہ درج۔

☆ زرعی پیداوار کی قیمتوں اور خوردہ فروخت کی قیمت کے درمیان فرق کو کم کرنے کیلئے کمیٹی قائم کی جائے گی۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں نیوزی لینڈ فاتح؛ بنگلورو ٹیسٹ میں بھی نیوزی لینڈ کی آٹھ وکٹوں سے جیت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****